پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

ملکی سیاسی صورتحال اور آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ میں ترامیم کے مسوّدہ جات پر صدرِ مملکت کی ٹویٹ کے بعد کی صورتحال کا خصوصاً جائزہ

صدرِ مملکت کیخلاف نفرت انگیز حکومتی پراپیگنڈہ صدر کو جھکانے اور حقائق کو دھندلانے کی کوشش قرار

صدرِ مملکت کے غیر معمولی ٹویٹ کے بعد قوم شدید اضطراب و تشویش میں مبتلا ہے، کور کمیٹی تحریک انصاف

معاملے کی بھرپور پڑتال، حقائق کے تعین اور سربراہِ ریاست کے منصب کو نیچا دکھانے والوں کا کڑا محاسبہ نہایت اہم ہے، کور کمیٹی تحریک انصاف

دھونس اور جبر کی بنیاد پر کسی کو معاملہ الجھانے یا ذمہ داروں کو بچانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، کور کمیٹی تحریک انصاف

عدالتِ عظمیٰ آئین و ریاست کے وسیع تر مفاد میں اس غیر معمولی معاملے کو بلاتاخیر اٹھائے، کور کمیٹی تحریک انصاف

کور کمیٹی کی جانب سے بٹگرام میں حادثے کا شکار ہونے والی چیئر لفٹ اور جاری ریسکیو آپریشن پر بھی غور

چیئرلفٹ میں پھنسے نونہالوں اور ان کے معلّم کی مکمل سلامتی اور بحفاظت ریسکیو کیلئے ربّ العزت سے خصوصی دعا

اپنی جانوں پر کھیل کر قیمتی جانوں کے تحفظ کیلئے ریسکیو آپریشن میں مصروف پاک فوج کے جوانوں کی کامیابی کیلئے بھی دعا

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ